# فیہ شفاء للناس

# بیش قیمت تجربات و اسرار

حکیم محمد جہانگیر حاذق

گجرات — پنجاب




مکتبہ عزیز صحت گجرات

# معنون

میں اپنی اس پہلی کوشش کو ان دو ممتاز ہستیوں کے نام نامی واسم گرامی پر معنون کرتا ہوں۔ جو میری زندگی و استعداد کو صراط مستقیم پر لانے کے لئے رہبر کامل ثابت ہوئیں

| | |
|---|---|
| حضرت قبلہ و کعبہ استاذی المکرم<br>فخر حکمت زبدۃ الحکماء<br>حکیم مولوی عبدالجبار صاحب مستنطق سوانی<br>مالک دواخانہ گنجینہ صحت گوندلانوالہ<br>ضلع گوجرانوالہ پنجاب | مسیح الزمان رئیس الاطباء حامی سنت<br>فخر حکمت زبدۃ الحکماء<br>حکیم مولوی محمد عبدالرحیم صاحب جمیل<br>مالک دواخانہ ۔۔۔ مدیر رسالہ طبیب حاذق<br>گجرات پنجاب |

خاکسار پیر محمد عفی عنہ



## عرض

حمد و ثنائے حق تعالیٰ جل و نعت سرور کائنات فخر موجودات صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد میں اس مختصر جامع الفوائد رسالہ کو قدردانان فن طب کی خدمت میں پیش کرنے کا فخر حاصل کرتا ہوں جو اس رسالہ کے تمام نسخے اپنے تجربہ میں کئے ہیں اور ان کے ۔۔۔ جو فوائد بیان کئے گئے ہیں وہ واقعی درست اور صحیح ثابت ہوئے ہیں۔ ان میں مبالغہ سے کام نہیں لیا گیا۔ جیسا کہ آجکل کے دیگر اشتہاری نسخوں میں کیا جاتا ہے۔ فقط

پیر محمد حکیم حاذق

۲۰ - ۱/۴۷

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ھوالشافی ھوالکافی

# بیش قیمت مجربات



باب اول

## امراض دہن

**سفوف حابس:** منجیٹھ، ... مسوڑھوں سے خون نکلنے کو مفید ہے۔ یا پھٹکری سفید ...

**ورم لثہ:** سیاہ چنے بھگو کر جوش دیکر نیم گرم کلی کریں۔ ورم کو نافع ہے۔

**ماخورہ (پائیوریا):** نیلا تھوتھا، پھٹکری، سہاگہ برابر وزن لیکر پھٹکری و سہاگہ کو علیحدہ علیحدہ آہنی توے پر بچھا کر درمیان میں نیلا تھوتھا رکھ دیں اور اوپر بقیہ پسی ہوئی پھٹکری و سہاگہ ڈال دیں تاکہ جلا کر بریاں کر لیں۔ اگر مسوڑھے نیلے ہوں تو پہلے نیلا تھوتھا بریاں یا سادہ ہی گرم پانی میں حل کر کے غرغرے کریں۔ جب زخم خشک ہو جائیں تو پھر مذکورہ دوا یا ایک پھٹکری سے مسوڑھوں پر لگایا کریں۔ خصوصاً رات کو سوتے وقت لگانا بہت فائدہ کرتا ہے۔

**مستحکم دانت:** ... پھٹکری ۳ ماشہ ... دانتوں پر مل کر پندرہ منٹ کے بعد کلی کریں۔ ہلتے دانتوں کو جمنے اور مسوڑھوں کی پختگی کو مفید ہے۔

**سفوف مسواک:** ببول کی لکڑی کا کوئلہ ۳ تولے، پھٹکری بریاں ۲ تولے، نمک ۱ تولہ لیکر باریک پیس لیں۔ صبح و شام دانتوں پر ملیں۔ دانتوں کو سفید اور چمکدار کرتا ہے۔

**درد دانت:** ... کافور ... لونگ کا تیل ... اس میں پھویہ تر کر کے درد والے دانت یا سوراخ وغیرہ جہاں درد ہو رکھیں۔ فوراً آرام ہوگا۔

**دوا سے درد دانت:** نیلا تھوتھا بریاں، کتھ سوختہ برابر وزن لیکر باریک پیس لیں۔ ... بوقت ضرورت درد والے دانت پر لگائیں۔ فوراً درد بند ہوگا۔

**درد دانت:** ... برابر ... میں ... کر کے درد والے دانت پر رکھیں۔ جتنا پانی منہ سے گرے گرائیں، آرام ہوگا۔ یا کافور ... برابر لیکر درد والے دانت کے سوراخ میں رکھیں، آرام ہوگا۔ ... نیلا تھوتھا ... 

کر رکھیں کیڑا مر جائیگا۔ یا حنظل کی بیل رکھیں۔ کیڑا [illegible] سے۔

**منہ کے چھالے۔** بکائن کی چھال پیس کر اس کے برابر کتھ سفید ملائیں۔ ۲۰ دن تک منہ میں چھڑکیں
یا مسور جلا کر برابر کی کتھ سفید پیس کر چھڑکیں۔ یا عاقرقرحا کا باریک سفوف چھڑکیں۔ انشاء اللہ آرام ہوگا
**ہونٹ اور زبان پھٹنا۔** گھی میں نمک ملا کر صبح تین بار ملیں تو آرام ہوگا۔ یا مغز تخم کدو شیریں
مغز تخم تربوز پانی میں ہم وزن پیس کر زبان پر طلا کریں۔ زبان اور ہونٹ پھٹے کو آرام دیتا ہے



## امراض معدہ

**مقوی معدہ:-** اجوائن دیسی قسم کی برابر وزن لے کر تین بار لیموں کے رس میں
تر و خشک کریں۔ اس کے بعد نمک سیاہ ذائقہ کے مطابق ملا کر ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ نیم گرم پانی
سے کھلائیں۔ غذا کے ایک گھنٹہ بعد۔ ہضم کرتی ہے بھوک لگتی ہے۔ درد معدہ کو بھی آرام دیتا
**درد معدہ:-** ایک عدد منقیٰ دانوں سے صاف شدہ لیکر اس میں ۲ رتی ہیرا ہینگ
بھر دیں اور گولی سی بنا کر مریض کو کھلائیں۔ خواہ کیسا ہی درد معدہ ہو آرام آجاتا ہے
یا ہینگ اور آک کے دودھ کو آب برگ آک میں تین دن کھرل کرتے وقت نمک [illegible] اور سیاہ
مرچ کا اضافہ کردیں تو اور بھی زود اثر ہوگا۔ درد شکم ہر قسم کے لئے مفید ہے۔
**ہیضہ:-** آک کی جڑ کی تازہ چھال، فلفل سیاہ ہر ایک ۲ تولہ لیکر ادرک کے تازہ رس کے ساتھ
تین دن میں کھرل کرکے دانہ نخود کے برابر گولیاں بنائیں اور گرم پانی کے ساتھ دیں۔ [illegible]
[illegible] ۲ تولہ [illegible] ۲ ماشہ [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] ۲ تولہ [illegible]

## امراض اطفال

**ورم جگر:-** [illegible] ۲ تولہ [illegible] نوشادر [illegible] سفوف تیار کریں۔ ایک
ایک رتی صبح و شام کھانے کے بعد ہمراہ تازہ آب [illegible] ورم جگر اطفال کو مفید ہے

**دوائے استسقاء:-** ریوند چینی کو کوٹ پیس کر محفوظ رکھیں اور ۲ ماشہ کی مقدار قبل
بعد مکھن میں ملا کر سونف کے عرق کیساتھ استعمال کریں ضعف جگر اور ابتداء استسقاء کو مفید ہے
یا زیرہ آٹھ ماشہ کو کوٹ کر رات کے وقت آب مکو دس تولے میں بھگو رکھیں. صبح
چھان کر پلائیں کم از کم تین ہفتے اس کا استعمال متواتر جاری رکھیں۔ انشاء اللہ آرام ہوگا۔

**برائے یرقان:-** مولی اور اس کے سبز پتوں کو کوٹ کر ان کا پانی نچوڑیں اور اسے آگ پر
رکھیں جب ایک جوش آئے تو اتار کر چھان لیں اور اس میں سے آدھ پاؤ لے کر شکر سرخ ۲ تولہ
ملا کر پلائیں. غذا مولی کے پتوں کی بھجیا روٹی کے ساتھ کھلائیں مصلح جگر اور یرقان کو بہت مفید ہے

**دوائے طحال:-** رائی ½۲ تولے سہاگہ ۲ ماشے دونوں کا سفوف بنائیں روزانہ ۱ ماشہ صبح
۱ ماشہ شام ہمراہ آب برگ مولی جو بطریق معروف نکال کر پلائیں. اگر صرف تازہ پانی پیا جائے تو اس
حالت میں بھی مفید ہے عظم طحال (بڑھی ہوئی تلی) کو گھٹاتا ہے. یا جوکھار نوشادر ہر ایک ڈیڑھ تولہ
لے کر پیس لیں اور اس کی چھ خوراکیں بنائیں. ایک خوراک صبح کھا کر اوپر سے گاڑھی چھاچھ خوب
سیر ہو کر پلائیں. ان چھ خوراکوں سے طحال کا نام و نشان تک نہیں رہتا. یا ڈھکی کے درخت کی
لکڑی لے کر اس کو خوب پیس کر تین چار رتی مکھن یا بالائی ۲ تولہ میں رکھ کر جوان کو کھلائیں. بڑوں
بچوں کو اپنی مرضی کے مطابق مناسب مقدار دیں. اس سے سرخ رنگ کا پاخانہ آئیگا. مگر فکر
نہ کریں. ایک ہفتہ میں طحال کی تمام خرابیوں کو درست کر دیتی ہے. قدرت کا معجزہ دیکھیں.



## امراض قلب و دل

**خفقان قلب:-** گاجر کو آگ ... دال کر گرم گرم بھوبل میں دبا دیں. جب پک جائے تو نکال کر
چھیل کر قاشیں کر کے ایک رکابی میں رکھ کر اوپر سے تھوڑی مصری یا ایک چمچی چھڑک
کر رات کو شبنم میں رکھیں. صبح اس پر عرق کیوڑہ ۵ تولے ڈال کر قاشیں الگ کر کے پی لیں.
اگر چاہیں تو چند قاشیں بھی کھا سکتے ہیں. دل کی طاقت اور خفقان کو دور کرنے میں بے مثل ہے
[illegible] عرق گلاب [illegible] شربت
[illegible] پلائیں [illegible] خفقان کو نافع ہے
[illegible] چار [illegible] پانی میں [illegible] مصری سے میٹھا کر کے پئیں

دیگر: تخم ریحاں ۱ تولہ رات کو بھگو کر شبنم میں رکھیں صبح شکر ملا کر پی لیا کریں گرم خفقان کو رفع



## امراض پھیپھڑا:-

برائے دمہ: بکائن تخم ۱ پاؤ کو ۱ سیر پانی میں جوش دیں جب نصف رہ جائے تو چھان لیں۔ اور بتاشے سفید ۱ پاؤ ڈال کر شربت کا قوام کریں اور پانی میں ملا کر پلائیں۔ اخراج بلغم مقوی دمہ میں آسانی پیدا ہوتی ہے۔



خون تھوکنا: گل ارمنی ۱ تولہ کو ۱ تھوڑے پانی میں بھگو رکھیں۔ اور زلال سے کام لیں۔ دیگر تخم بارتنگ کا شیرہ مصری سے میٹھا کر کے پلائیں۔ خون تھوکنا بند کر دیتا ہے۔

برائے دق و سل: گل ارمنی، سنگجراحت دو دو تولہ کو پیس کر برگ تلسی سبز، برگ بہی پونی بھر اور برگ بنفشہ کے پانی پانچ پانچ تولے میں اس قدر کھرل کریں کہ پانی خشک ہو جائے۔ اور ورقی بنا کر بکری کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ دق و سل کے لئے مفید ہے۔

برائے کھانسی: ملٹھی سفید ۱ تولہ نبات سفید ۲ تولہ باریک پیس لیں۔ اس کی ۳ ماشہ ہمراہ چائے یا سے گرم کھائیں سردی سے کھانسی کو مفید ہے۔ [illegible] مفید ہے۔

کھانسی بلغمی: ست ملٹھی ۱ تولہ مصری ۱ تولہ پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسیں۔ ہر قسم کی کھانسی و نزلہ و زکام کو مفید ہے۔

## امراض دماغ

کمزوری دماغ: [illegible] خشک [illegible] بادام [illegible] پانی میں [illegible]

[illegible]

[illegible] دماغ [illegible]

[illegible]

[illegible]

نزلہ زکام: [illegible] سیاہ [illegible]

[illegible] گولیاں [illegible] برابر بنائیں [illegible] صبح و شام

عرق گاؤزبان کے ہمراہ استعمال کریں۔ نزلہ و زکام دونوں کو مفید ہے۔

**مرگی:۔** آک کا سبز رنگ کا خوبصورت اڑنے والا کیڑا تین عدد لے کر سایہ میں خشک کر لیں اور باریک پیس کر ۳ ماشہ مرچ سیاہ پسی ہوئی اور نوشادر ۳ ماشہ پسا ہوا اس میں ملا لیں تیار ہے۔ بوقت ضرورت مریض کو بطور نسوار چٹکی بھر ناک میں چھڑکیں فوراً ہوش آجاتا ہے۔

## امراض اعصاب

**برائے فالج و لقوہ:۔** مقام ضرر و فالج پر شہد کی مکھی سے ڈنگ کرایا جائے۔ ایک دن کے بعد پھر ڈنگ کرائیں جس دن زہر تیز ہو جائے گا تو صحت ہو جائے گی۔

**لقوہ:۔** بنق ہندی (ریٹھہ) کا چھلکا ۲ تولے لے کر اس میں گڑ پرانا چار تولے ملائیں اور اس قدر کوٹیں کہ یکجان ہو جائیں۔ اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں۔ چند لقمہ حلوا مریض کو کھلا کر ایک ایک گولی صبح و شام کھلائیں۔ لقوہ کی اکسیری دوا ہے۔

**برائے رعشہ:۔** میتھال کسی ۲ رتی پان میں رکھ کر کھلائیں۔ مریض کو اس دوا کا علم نہ ہونے دیں۔ ہر قسم کے رعشہ کے لئے مفید ہے۔ تین یا سات یا گیارہ دن تک کھلائیں

---

باب دوم

## امراض گردہ و مثانہ

**کمزوری گردہ:۔** برگ درخت پستان نرم کونپل چند عدد لے کر شکر سرخ کے ساتھ کھائیں دن میں زیادتی پیشاب کو دور کرتا ہے جو گردہ کی کمزوری کے سبب ہو۔

**درد ریح گردہ:۔** ۳ ماشہ [illegible] تولے کر پان میں لپیٹ دیں اور گل حکمت کر کے ایک سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ [illegible] عمل کریں [illegible] نکال کر [illegible] کھرل کر لیں۔ ۲ رتی ہمراہ [illegible] دیں۔ درد گردہ و ریح گردہ کو مفید ہے۔

**زیادتی پیشاب:۔** [illegible] ناخن، بال [illegible] روغن شہد [illegible] شکر سرخ کے ساتھ کھلائیں۔ زیادتی پیشاب [illegible] گردہ کے لئے مفید ہے [illegible]

**سنگ گردہ و مثانہ:۔** جنگلی [illegible] کے پتے ۲ ماشہ مرچ سیاہ ۵ دانہ [illegible]

ان تینوں چیزوں کو آدھ سیر پانی میں پیس کر بغیر چھانے پلائیں۔ چند دن کے استعمال سے پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جاتی ہے۔ اس سے بہتر اور کوئی مفید علاج نہیں۔

ورم مثانہ:- گل خیرو ۳ تولہ، پودینہ خشک ۳ ماشہ، زنجبیل ۳ تولہ پانی میں جوش دیکر مثانہ پر نطول کریں آرام آجائیگا۔ یا پوست خشخاش کو گلاب میں جوش دے کر اس کی ٹکور مقام مثانہ پر کریں آرام ہوگا۔ یا بالچھڑ کلاں، پودینہ خشک، سویہ سیاہ، نمک شیرین، زنجبیل ہر ایک ۳ ماشہ پیس کر بادیان پانی ۵ تولہ میں حل کر کے مثانہ کے مقام پر نیم گرم ضماد کریں۔ بے حد مفید ہے۔ جلد آرام ہوگا۔



## امراض خصیہ

ورم خصیہ:- نوشادر ۲ تولہ کو باریک پیس کر سوا سیر پانی میں جوش دیں۔ جب ایک سیر رہ جائے آگ سے اتار لیں اور نیم گرم کپڑے کی گدی بھگو کر خصیوں کو ٹکور کریں۔ پانی ٹھنڈا ہو جائے تو پھر گرم کر لیں۔ ایک ہی وقت کی ٹکور سے آرام ہو جائیگا۔ اگر باقی ورم ہو تو پھر یہی عمل کریں۔ ورم اور درد دونوں کو یہی ٹکور مفید ہے۔

پھٹیال خصیہ:- پھٹکڑی بریاں کو پیس کر نیم گرم پانی میں ملا کر دن میں دو دفعہ دھوئیں آرام ہوگا۔

زخم خصیہ:- کیلے کے پتوں کو تیل سرسوں میں جلا کر راکھ کر لیں کہ تیل شروع ہو جائے اور پھر اچھی طرح ملا کر لگائیں۔ آرام ہو جائیگا۔

فتق:- ایک تولہ فلفل خشک کو پانی میں پیس کر ضماد کریں۔ بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ اگر کچھ عرصہ متواتر یہی علاج کیا جائے تو اس کا خطرہ جاتا رہتا ہے۔ یا برگ مدار بیخ ۳ تولہ کو روغن کنجد ۳ تولہ میں جلا لیں اور خوب پیس کر مرہم تیار کریں اور فوطوں پر ضماد کر کے اوپر روئی باندھ دیں فتق کے لئے بہت مفید ہے۔

## امراض اعصاب

بائے تشنج:- پوست بیلہ کو سرکہ میں پیس کر مالش کریں۔ یا اس سے بہتر مالش کریں۔ پرانی گھی کی مالش کرنا اکثر تشنج کا علاج ہے۔

دائمی تشنج:- دیسی صابن کے چاول نکال دیں۔ اور ...

چاول ایک تولہ گلقند کے ہمراہ منہ میں رکھ کر پان کی طرح آہستہ آہستہ چبائیں۔ اور نگلتے جائیں۔ یہ عمل دو وقت غذا کے ایک گھنٹہ بعد کریں۔ اس سے معدہ اور آنتیں آہستہ آہستہ اپنا کام شروع کر دیں گے۔ اور پرانی سے پرانی قبض دور ہو جائے گی۔

**دوائے اسہال:-** آملہ خشک ۱ تولہ کو پانی میں بھگو دیں جب نرم ہو جائے تو کھرل کر کے باریک پیس لیں اور نمک سیاہ مناسب ملا کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کریں۔ ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ آب دیں۔ دستوں کو بند کرتی ہیں۔ دیگر سونٹھ اور مرچ سیاہ برابر پیس کر ۳ ماشہ ہمراہ آب تازہ گھنٹہ گھنٹہ بعد دیتے رہیں۔ اسہال ہیضی کو ازحد نافع ہے۔

**دوائے قولنج:-** ارنڈ کی جڑ ۲ دام اگر تر ہو تو دوگنی لیں۔ آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب چوتھائی حصہ رہ جائے صاف کر کے روغن ارنڈ ۲ تولہ سنگ ۳ ماشہ باہم ملا کر نیم گرم پلائیں۔ انشاء اللہ آرام ہوگا۔ یا آدھا درم کھٹا تیل شکر میں ملا کر پلانا قولنج کو نفع دیتا ہے۔

**ضماد قولنج:-** صابون درجہ اول، تخم مصبر برابر کوٹ کر مشک خرمہ کی کھلی بنا کر روغن سے چپک کر معدہ میں رکھیں۔ قولنج کے لئے مفید ہے۔

**برائے تبخیر:-** تخم ریحان کو نگینہ۔ ہر ایک برابر وزن بریان کریں۔ کوٹ چھان لیں اور تخم ریحان ثابت رکھیں۔ نیز سفید ۱ تولہ کے شیرہ میں شامل کر دیں۔ آرام ہوگا۔

**زحیر کا نسخہ:-** پہلے آنتوں کا سدہ دور کریں۔ اس کے بعد تخم ریحان و اسپغول ملا کر ایک مثقال استعمال کریں۔ پھر تخم خرفہ دو نسخہ استعمال کریں انشاء اللہ آرام ہو جائے گا۔



## امراض مقعد

برائے بواسیر بادی:- تخم نیم کالی مرچ مغز بکائن ہر ایک برابر لے کر گولیاں بنا لیں۔ دو گولی صبح شام ہمراہ آب کھائیں۔ بواسیر خونی بادی بواسیر کے لئے مفید ہیں۔

دوائے بواسیر: قلمی شورہ آدھ پاؤ کو آب مولی دو سیر میں شامل کر کے آہنی کڑاہی میں چولہے پر رکھیں اور آنچ جلا کر پانی خشک کریں سخت گاڑھا ہونے پر گولیاں بیر جنگلی کے برابر بنا دیں۔ ایک گولی روزانہ ہمراہ ۵ تولہ لسی یا دہی کھلائیں۔ ہر قسم کی بواسیر کیلئے مفید ہے

بواسیری مسے۔ کتے کی مکڑی ہڈی کو گل حکمت کر کے ۸ سیر اوپلوں کی آگ دیں نکال کر برابر کی پھٹکڑی سفید ملا لیں۔ باریک سفوف بنائیں اور دو چند گائے کے ایک ایک بار دھلے ہوئے مکھن میں ملا کر مرہم بنائیں چند دن کے استعمال سے مسے سوکھ کر گر جائیں گے۔



باب سوم

## امراض کان

درد کان: زرد کوڑیا جلا کر پیس لیں۔ بوقت ضرورت ۲ رتی کان میں ڈالکر اوپر لیموں کا رس نچوڑیں۔ رس گرتے ہی کان میں جوش ہوگا۔ درد کو آرام آجائیگا۔ یا رسوت ۳ ماشہ عورت کا دودھ ½ تولہ میں پیس کر رکھ لیں۔ اور کان میں ٹپکائیں کان درد کیلئے مفید ہے

کان کے زخم: مازو ۲ ماشہ پیس کر شراب خالص ۲ تولہ میں حل کر کے شیشی میں رکھیں صبح و شام ملا کر دو تین قطرہ ٹپکائیں۔ کان کے زخموں کو بہت جلد درست کرتا ہے۔ جس کان سے کبھی کبھی پیپ بہ کر بند ہو جایا کرے اس کے لئے بھی فائدہ مند ہے

برائے امراض کان: آب پیاز ۲ تولہ آب لہسن ۲ تولہ آب نیم گرم ۲ تولہ پھٹکڑی سفید ۲ ماشہ۔ چھوٹی الائچی ۲ ماشہ روغن کنجد ۱ تولہ میں جلا کر صاف کر لیں اور کاربالک ایسڈ ۲ بوند ڈالکر محفوظ رکھیں۔ ۲ یا ۳ بوند کان میں ڈالیں۔ درد، زخم، پیپ بھنبھناہٹ وغیرہ کے لئے بہت مفید ہے

## امراض ناک

برائے نکسیر: ملتانی مٹی ۱ تولہ کو مٹی کے برتن میں پانی میں بھگو دیں صبح کے وقت پانی نتھار کر مریض کو پلائیں اور اس کے ساتھ ہی سر کے تالو پر ملتانی مٹی لگائیں [illegible] کے ملتانی مٹی اور [illegible] خشک ایک ایک تولہ کو پانی میں پیس کر پیشانی اور ناک پر لیپ کریں نکسیر کے لئے مفید اور آزمودہ ہے۔

دیگر:۔ سنگجراحت، گیرو، برابر وزن لے کر باریک پیس لیں۔ ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک صبح دوپہر اور شام کو پانی کے ساتھ دیں۔ بار بار نکسیر پھوٹنے کو بہت جلد بند کرتی ہے۔ اگر کسی تدبیر سے نکسیر نہ رکے تو گدھے کی لید کا پانی نچوڑ کر ناک میں ٹپکائیں۔ فوراً آرام آجاتا ہے۔

ناک کے کیڑے:۔ روغن تارپین ۱ تولہ کو نیم گرم پانی ۱۰ تولہ میں ملا کر ناک میں پچکاری کریں۔ تمام کیڑے مردہ یا نیم مردہ حالت میں ناک سے نکل پڑیں گے۔ اگر پچکاری دستیاب نہ ہو تو صرف مذکورہ روغن ایک یا دو قطرے ناک میں ڈالیں۔ اگر تارپین بھی مہیا نہ ہو سکے تو کافور کو مروے کے پتوں کے پانی میں حل کر کے ناک میں ٹپکائیں۔ کیڑوں کا ناش کرتا ہے۔

حکیم علی ضیاء

## امراض آنکھ

عینک توڑ:۔ تمباکو خوردنی ۲ ماشہ سرمہ سیاہ ۱ تولہ ان ہر دو کو پیس کر آنکھوں میں روزانہ رات کو ڈالیں آنکھوں کی بینائی بہت تیز ہو جائے گی۔ جو لوگ عینک لگانے کے عادی ہوتے ہیں اس کے استعمال سے عینک کی ضرورت نہ رہے گی۔

دیگر:۔ سونف کا تازہ پودہ سالم لے کر خوب کچلیں اور اس سے پانی نکال کر سایہ میں خشک کریں۔ اور گرد و غبار سے محفوظ رکھیں۔ پیس کر بطور سرمہ آنکھوں میں لگایا کریں۔ بہت مقوی البصر ہے اور آنکھوں میں تراوت پہنچاتا ہے۔

برائے جالا و پھولا:۔ گدھے کی داڑھ بکری کے پتے میں چالیس روز تک بھگو کر سایہ میں خشک کریں۔ بعدہٗ کوٹ پیس کر سرمہ کی طرح باریک کریں۔ اور محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت سلائی سے لگایا کریں۔ جالا اور پھولا خواہ کتنا پرانا اور سخت ہو صاف کرتا ہے۔ امر کی بہترین دوا ہے۔

برائے [illegible] [illegible] ۱ تولہ [illegible] میں [illegible] کریں [illegible] ۱ تولہ ملا کر خوب کھرل کریں تاکہ سرمہ کی مانند باریک ہو جائے۔ بطور سرمہ رات کو لگایا کریں۔ دھند، جالا، غبار، [illegible] آنکھوں کی خارش

وغیرہ امراض کے لئے مفید ہے۔

برائے شب کوری: بکرے کی کلیجی کو چاقو سے کچوک کر اس پر فلفل دراز باریک پیس کر چھڑکیں اور کسی سلاخ میں پرو کر آگ پر سینکیں جو پانی گرے سلائی کو اس پانی میں تر کر کے آنکھ میں لگایا کریں۔ اور کلیجی پکا کر بھی کھلائیں شب کوری کو بہت مفید ہے

برائے پڑبال: کشنیز، نوشادر، سفید [illegible]، گدھا کا ناخن جلا ہوا یہ دونوں پیس کر شراب یا سرکے میں ملا کر پڑبال کو اکھاڑ کر طلا کریں۔ پڑبالوں کیلئے نہایت مفید ہے

برائے امراض چشم: پھٹکڑی بریاں، زنجبیل بے ریشہ، نمک خوردنی ہموزن پیس کر مانند سرمہ بنا لیں۔ رات کو آنکھوں میں لگایا کریں۔ آنکھوں کی تمام امراض کے لئے یہ دوا بے حد مفید ہے۔



## باب چہارم

## امراض سر

درد شقیقہ و سر: [illegible] چاول یا حنظل، دیگچی کی راکھ چھنی سے پیالہ میں ڈال کر [illegible] سے خوب تر کر کے خشک کریں اور پیس کر بطور نسوار لیں۔ بے حد غلیظ مواد خارج ہوگا۔ چھینکیں آئیں گی۔ بعد میں ذرا سی گھی کی نسوار لیں۔ انشاءاللہ آرام ہوگا۔

دوائے خواب آور: عرق کا [illegible] کے دودھ میں حل کر کے ناک میں ٹپکائیں، خوب نیند آئے گی۔

دوائے سرسام: روغن نوشادر [illegible] روغن گل ہم وزن ملا لیں۔ بوقت ضرورت تالو پر مالش کریں۔ سرسام دور کرتا ہے۔

## امراض بال

پیدائش بال: [illegible]

[illegible] کرنے سے بال پیدا ہوں گے [illegible] خوبصورت پیدا ہوں گے بال چمکدار سیاہ و ملائم [illegible] بال پیدا ہو جائیں گے۔

برائے لمبے بال:۔ میگنیشیم پانی میں پیس کر نہانے سے پہلے سر میں بالوں پر لگائیں چار گھڑی کے بعد دھو ڈالیں۔ بال لمبے ہوں گے۔ دیگر:۔ آملہ خشک عرق لیموں میں پیس کر بالوں کی جڑوں میں لگائیں۔ بال لمبے ہو جائیں گے۔

برائے پیدائش بال:۔ چوہے کی مینگنیاں روغن زیتون میں حل کر کے جہاں بال نہ اُگتے ہوں طلا کریں۔ انشاءاللہ بال پیدا ہوں گے۔

روشن بال سیاہ:۔ ایک سیر تلوں کے تیل میں کیندے کی پنکھڑیاں یا سالم پھل اور نرم نرم کونپلیں دیگچی میں ڈال کر جوش دیں۔ پھر اس میں تازہ آملے سلائیوں سے زخمی کر کے ڈالیں اور ایک ماہ تک زمین میں دفن کر دیں۔ بعدہٗ نکال کر جوش دیں اور چھان کر محفوظ رکھیں اور ہمیشہ یہی تیل بالوں پر لگایا کریں۔ بال سفید ہوں گے تو آہستہ آہستہ سیاہ ہو جائیں گے۔ اگر سیاہ ہیں تو سفید ہونے سے بچتے ہیں۔

## امراضِ چہرہ

دور کیل مہاسے:۔ ترکیب: کف دریا برابر وزن بالائی میں پیس کر چہرہ پر لگائیں۔ چند دن میں چہرہ کیل مہاسوں سے صاف ہو کر پھول کی مانند خوشرنگ اور چاند کی طرح چمکدار بنے گا۔

چہرہ کی سیاہی:۔ خوبکلاں پانی میں پیس کر چند روز لگانا جلد کی اندرونی سیاہی جذب کر کے چہرہ کو صاف کرتا ہے۔

دیگر:۔ چنے کا آٹا، میدہ سکہ [illegible] ملا کر لیپ کر کے چہرہ پر لگائیں۔ چند روز میں چہرہ کے داغ دھبے دور ہو جاتے ہیں۔



## امراضِ [illegible]

برائے [illegible]:۔ [illegible] پانی میں [illegible] [illegible] ایک [illegible] [illegible]

برائے [illegible]:۔ ترکیب [illegible] سایہ میں خشک کریں۔ پھر [illegible] پانی [illegible] جوش دیں۔ [illegible] پانی کی سطح پر [illegible] استعمال کریں۔ بہت [illegible]

دیگر:- نیم کی کونپل ۲ تولے لے کر پانی میں پیس کر پندرہ روز تک پلائیں۔ اسی طرح سرپھوکہ پلائیں۔ یا بابچی کوٹ پیس کر ۳ ماشہ روزانہ صبح کھایا کریں خارش کو نافع ہے

**ضماد خارش:-** توتیا سبز، تمباکو سرواحد ایک تولہ، گندھک ۲ تولہ، سفید چینی چار تولہ کوٹ کے تیل میں حل کر کے تین روز متواتر لگائیں آرام ہوگا۔

**برائے داد:-** داد کو کھجلا کر کھڑی سے چھپ کر کے چند اس پر لگائیں۔ دیگر:- آک کا دودھ داد کو کھجلا کر ہلکا ہلکا لگائیں۔ اگرچہ سوزش ہوگی لیکن اس کو برداشت کر لیا گیا تو ہمیشہ کے لئے آرام ہو جائیگا۔ دیگر:- املی کے رس میں ست لیموں حل کر کے لگایا کریں۔ یا تخم املی لیموں کے رس میں حل کر کے ضماد کیا کریں۔ یا ہلدی جلا کر چونہ پان میں ملائیں پھر پانی میں حل کر کے داد کو تازہ کر کے لگائیں بہت جلد آرام ہو

**جلدی مسے:-** سہاگہ اور نیلا تھوتھا برابر وزن لیکر عرق بادیان میں حل کر کے مسّوں پر لیپ کریں۔ متواتر ایک ہفتہ لگانے سے آرام ہوگا۔ اور بعد از صحت پھر مسّوں کا پیدا ہونا ممکن نہیں ہو جائیگا۔ دیگر:- تیزاب کا پانی جو سونا چاندی گلانے والے نیاریے سے مل سکتا ہے۔ تنکے کی نوک سے سخت مسّوں پر لگا دیں۔ ایک دو بار لگانے سے مسّے صاف ہو جاتے ہیں۔ احتیاط سے مسّے کے سوا جلد پر خشک نہ لگے ورنہ زخم کر دیگا۔ آئندہ مسّوں سے نجات مل جاتی ہے۔



## علاج دانت

دانتوں کی امراض پر ایک لاجواب رسالہ ہے۔ جس میں دانتوں کی [illegible] اور [illegible] دانت [illegible]

[illegible]

[illegible] کی اکثر اقسام اس رسالہ میں درج کی گئی ہیں جس کے سبب [illegible] قیمت [illegible] ہو جاتی ہے [illegible] نسخے درج ہیں قیمت ۱۲ آنے

## امراض مرداں

**برائے جریان:** ۔ برگ ببول، شکر سفید ہم وزن پیس کر محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت ۱۰ تولہ یا ۲ تولہ ہمراہ دودھ پاؤ بھر کھلائیں۔ جریان کو بحد مفید ہے۔

**دیگر:** ۔ درخت سرس یا درخت ببول کی تازہ پھلیاں جن میں ابھی بیج نہ پڑا ہو، سایہ میں خشک کر کے سفوف بنائیں۔ اور برابر وزن کھانڈ ملا کر رکھیں۔ روزانہ صبح کے وقت ۹ ماشہ سفوف کھا کر دودھ پئیں۔ جریان، سرعت انزال، احتلام وغیرہ کو روکنے کے لئے مفید ہے۔

**دوائے احتلام:** ۔ بہو پھلی ۶ ماشہ رات کو پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح کے وقت اسی پانی میں پیس کر مصری ۲ تولہ سے میٹھا کر کے پلائیں۔ مجرد نوجوانوں کو کثرت احتلام میں مفید ہے۔

**دیگر:** تالمکھانہ، چھلکا اسپغول برابر لیکر تالمکھانہ کو پیس لیں۔ ایک پاؤ دودھ میں ۱ تولہ بھر ڈال کر رات کو بھگو دیں۔ مصری سے میٹھا کر کے روزانہ صبح کھایا کریں۔ مفید ہے۔

**مقوی باہ:** گھونگچی سفید، مقشر کرتا اور دونوں کو ہم وزن کوٹ پیس کر چار ماشہ روزانہ رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ دیں۔ مغلظ منی اور مقوی باہ ہے۔

**دوائے ممسک:** ۔ مغز تخم تمر ہندی اور تخم خرما ہم وزن لے کر باریک پیس لیں۔ اور سات دفعہ شیر برگد میں تر و خشک کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ کھلائیں۔ چند دن میں قدرتی امساک پیدا ہو جاتا ہے۔

## امراض زناں

**بندش حیض:** ۔ پودینہ کے پتوں کا تازہ صبح و شام دو چار روز پلانے سے انشاء اللہ حیض کھل جائے گا۔

**کثرت حیض:** تخم چرچٹہ ۳ ماشہ، شکر ۳ ماشہ ملا کر صبح کے وقت باسی پانی سے کھائیں۔ اس سے کثرت حیض بند ہو جائیگا۔

**اختناق الرحم:** ۔ ہمیں بوٹی، سہاگہ دیا، گھوٹ کر اختناق الرحم کی مریضہ کو پلائیں۔ گیارہ دفعہ میں پرانی سے پرانی مرض بھی چلی جاتی ہے۔

**سیلان الرحم** :۔ تالاب کی کائی کو مٹی کے پیالے میں ڈال کر آگ پر رکھ دیں جب خشک ہو کر جل جائے تو باریک پیس لیں۔ اور ہموزن شکر ملا لیں ۶ ماشہ صبح ہمراہ پانی دیں۔ سیلان الرحم کے لیے بہت مفید ہے۔

**برائے اسقاط** :۔ آملہ خشک کا سفوف دیسی گائے کا پنیر ہموزن لے کر خوب رگڑ دیں اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کر رکھیں۔ ایک گولی روزانہ ہمراہ آب ایام حمل سے ہی کھلانا شروع کر دیں اور وضع حمل کے بعد ایک ہفتہ بچہ کو ماں کے دودھ میں آدھی گولی گھس کر پلائیں۔ دوسرے ہفتے سالم گولی دودھ میں گھس کر پلاتے رہیں حتیٰ کہ اڑھائی سال گزر جائیں۔ خدا کے فضل سے بچہ مرض سے محفوظ رہے گا۔

**دوائے حمل** :۔ دودھی خورد سایہ میں خشک کر کے سفوف بنا لیں۔ حیض سے فارغ ہونے کے تین دن بعد ۱ تولہ ہمراہ دودھ گائے پورے سات دن استعمال کریں انشاء اللہ دوسرے یا تیسرے ماہ حمل ہو جائیگا۔ یہ دوا ہر ماہ سات دن پابندی سے کھا کر بعد میں مقاربت کریں۔ انشاء اللہ حمل قائم ہو جائیگا

**دیگر** :۔ بیدانہ ریحان قبل ہموزن مصری ملا کر سفوف بنائیں حیض سے فارغ ہونے کے بعد ۶ ماشہ دودھ کے ساتھ پھنکائیں۔ ایک ہفتہ لگاتار پابندی سے استعمال کرا کے علاج کریں۔ اگر مادہ منویہ میں نقص نہیں تو دوسرے یا تیسرے ماہ حمل قرار پا جائیگا۔



## امراض اطفال

**منہ کے چھالے** :۔ سہاگہ بریاں [illegible] شہد میں ملا کر منہ کے اندر لگائیں۔ یا [illegible] پیپل [illegible] منہ کے اندر چھڑکیں [illegible] آرام ہوگا۔

**کالی کھانسی** :۔ [illegible] آدھا [illegible] پلائیں۔ [illegible]

**دق الاطفال** :۔ [illegible] پانی میں [illegible] روزانہ صبح شام پلائیں یا ایک وقت خوراک ہے۔ بچہ تندرست ہو جائیگا۔

**دیگر** :۔ پہاڑی [illegible] کی [illegible] کو عرق کیوڑہ میں گھس کر [illegible]

تیار کریں۔ اور ایک ایک گولی صبح و شام ماں کے دودھ میں رگڑ کر پلائیں۔ چالیس روز متواتر پلائیں۔ انشاء اللہ آرام ہوگا۔

دیگر:۔ ہڑتال گاؤزبانی اور گل نیلوفر تازہ ہر ایک کے نغدہ میں رکھ کر مٹی کے برتن میں گل حکمت کر کے دس عدد اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ سفید برآمد ہوگا۔ خوراک دو چاول ہمراہ عرق بادیان دیں۔ دو ہفتہ میں بچہ تنومند اور تندرست ہو جاتا ہے۔

دیگر:۔ تخم گاؤزبان بجھا شیر پستان گلو ہونٹ پیسکر ایک رتی ہر گدھی کے دودھ کے ہمراہ دن میں دو مرتبہ دیا کریں۔ بچہ بہت جلد صحت یاب ہو جائیگا۔

ڈبہ اطفال جسے پسلی چلنا بھی کہتے ہیں۔ خشق بچے کے پتے میں کر پلائیں آرام ہوگا

دیگر:۔ خرگوش کا خون ایک قطرہ ماں کے دودھ میں حل کر بچہ کو ہفتے میں ایک بار پلاتے رہیں۔ بچہ اس مرض سے محفوظ رہے گا۔ مرض کی حالت میں ایک قطرہ گھنٹے گھنٹے بعد دیں۔ اگر تازہ خون نہ مل سکے تو خشک بھی کھلا سکتے ہیں۔

دیگر:۔ توتیا سبز بریاں۔ سہاگہ بریاں ہر ایک چھ ماشہ لیکر باریک پیس لیں اور پانی وغیرہ کی مدد سے گولیاں باجرہ کے دانہ کے برابر بنالیں۔ بوقت ضرورت ایک سے دو گولی تک ہمراہ شیر مادر کھلا دیں۔ ڈبہ اطفال کیلئے مجرب اور اطباء کا معمول ہے

بچوں کے چنونے۔ ارنڈ کی کونپلوں یا دھتورہ کے پتوں کا پانی نچوڑ کر مقعد میں لگانے سے چنونے ہلاک ہو جاتے ہیں۔

دوائے تشنج:۔ نشاستہ ۳ ماشہ کھریا مٹی ۳ ماشہ۔ کشتہ سفید ۳ ماشہ [illegible] شیشی میں رکھیں۔ [illegible] تشنج رفع کریں۔ [illegible] دن میں تین بار دیں۔ انشاء اللہ تشنج سے آرام ہوگا

قبض:۔ [illegible] چھوہارے کی گٹھلیاں [illegible] ماشہ بادیان [illegible] ماشہ [illegible] پانی [illegible] بچوں کی قبض اور نفخ کے لئے مفید ہے [illegible] پیشاب [illegible] فوراً کھل جاتا ہے۔

دیگر:۔ کسٹرآئل چھوٹی چمچی ہمراہ شیر گرم دینے سے قبض کھل جاتی ہے۔

دیگر:- گلاب خالص کی پتیاں اور بنفشہ درجہ اوّل ہموزن لیکر پانی میں جوشائیں اور تھوڑا تھوڑا بچے کو پلائیں۔ قبض جاتی رہے گی۔

**شربت اطفال:-** چونے کا پانی ایک پاؤ شکر سفید آدھ سیر باہم ملاکر آگ پر شربت کا قوام بنائیں۔ دس دس قطرہ دودھ میں ڈالکر صبح و شام پلائیں۔ بچوں کی اکثر امراض میں مفید ہے۔ ہرے پیلے دست۔ بخار کھانسی۔ کمزوری وغیرہ کو فائدہ دیگا

**بچوں کے دست:-** چوعرقہ (عرق سونف۔ عرق پودینہ۔ عرق الائچی۔ عرق گلاب) تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں۔ دستوں کیلئے مفید ہے۔ جو معدہ کی خرابی سے ہوں۔

**دیگر:-** کشتہ سنگجراحت۔ پھٹکڑی بریاں۔ باہم ملاکر ۱ رتی ہمراہ عرق سونف دن میں دو یا تین مرتبہ دیں۔ دست بند ہو جاتے ہیں۔

**پیٹ درد:-** عرق اجوائن۔ عرق پودینہ۔ عرق الائچی۔ عرق سونف ہموزن لے کر باہم ملالیں۔ اور تھوڑا تھوڑا نیم گرم پلائیں۔ پیٹ درد اور بدہضمی کیلئے مفید ہے۔

---

## باب ششم — امراض سوزاک آتشک

**دوائے سوزاک:-** شورہ قلمی، دانہ الائچی کلاں ہر ایک ایک ماشہ لے کر سفوف بنائیں۔ اور تمام کی چھ پڑیہ بنالیں۔ ایک پڑیہ روزانہ ہمراہ دودھ کی لسی کے ساتھ تین دن کھائیں۔ اور تین دن ساٹھی کے چاول کی دھوون سے کھائیں اور پھر گیرو، پھٹکڑی برابر پیس کر ڈیڑھ ماشہ ہمراہ شربت بزوری و دودھ کی لسی کے ساتھ دیں۔ سوزاک کہنہ و جدید، پیپ، درد، جلن وغیرہ کو بہت مفید ہے۔

**دیگر:-** شب یمانی بریان ۱ تولہ، گیرو ۶ ماشہ، کھانڈ ۱ تولہ سفوف بنالیں۔ ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ تک ہمراہ دودھ کی لسی کھلائیں۔

**پچکاری سوزاک:-** سبز توتیا بریان تین رتی، پھٹکڑی بریان تین رتی، تین پاؤ مصفے پانی میں حل کر کے بوتل میں رکھیں۔ دن میں دو بار پچکاری لگائیں۔ سوزاک درد، جلن، پیپ کو دور کر کے بہت جلد اچھا کر دیتی ہے۔

**برائے آتشک:-** توتیا سبز ۲ ماشہ، ہلیلہ سیاہ ۱ عدد، کوڑی زرد ۱ تولہ، سب کو پیس کر کاغذی لیموں کے رس میں متواتر تین دن کھرل کریں۔ اور چنے کے برابر گولیاں باندھیں۔ ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ مکھن یا بالائی کھلائیں۔ آتشک کے لئے مفید ہے۔ گھی کا استعمال زیادہ رکھیں۔ بہت جلد زخم درست کر دیتا ہے۔

**دیگر:-** الائچی سبز ۱ تولہ، سفید چونا ۱ تولہ، پھٹکڑی ۱ تولہ آب لیموں سے خوب تر کر کے کھرل کریں اور گولیاں جنگلی بیر کے برابر بنائیں۔ ایک گولی آم کے اچار کے ہمراہ کھلا کر اوپر سے دودھ پلائیں۔ اکثر اس سے منہ آجاتا ہے۔ اگر منہ آجائے تو گھی کے غرغرہ کریں۔ پہلے نسخہ کے بعد یہ استعمال کریں تو آتشک کا مکمل علاج ہے۔

**دیگر:-** [illegible] ایک [illegible] کر کے باندھ کر سایہ میں لٹکا دیں۔ خشک ہونے پر پیس لیں اور گوند کیکر کی مدد سے گولیاں نخودی بنا دیں۔ ایک گولی ہمراہ آب [illegible] وقت کھلائیں۔ تمام عمر آتشک سے نجات مل جاتی ہے۔ [illegible]

# درد جوڑ

درد جوڑ ہر قسم:۔ سٹھا نیلیہ ایک تولہ۔ گوند کیکر ایک سیر۔ پہلے سٹھا نیلیہ کو کونڈی ڈنڈا میں خوب باریک پیس لیں بعدہ گوند کیکر ڈالکر متواتر تین دن رگڑتے رہیں حتیٰ کہ گولیاں بنانے کے قابل ہو جائے۔ پھر گولیاں بقدر دانہ موٹھ بنا دیں۔ ایک گولی روغن زرد کے ہمراہ کھلائیں۔ ہر قسم کے درد جوڑ کا شرطیہ علاج ہے۔

روغن برائے درد جوڑ ہر قسم:۔ آک کے پتے ۱ پاؤ۔ موہ کریاں ۱ پاؤ۔ تنباکو کڑوا آدھ پاؤ۔ برگ دھتورہ۔ جوز تمہ تازہ ایک پاؤ۔ تمام وزن سے چہار چند وزن کے پانی میں بھگو دیں۔ صبح جوش دیں۔ پانی آدھا رہنے پر خوب چھان لیں۔ اور ۱ پاؤ روغن کنجد ملا کر آگ پر رکھیں۔ پانی جلنے پر تیل اتار لیں۔ اور بوقت ضرورت مقام ماؤف پر مالش کر کے روئی گرم کر کے باندھیں۔ ورم اور درد کیلئے مفید ہے۔

دیگر:۔ سٹھا نیلیہ اڑھائی تولہ روغن کنجد ۲۰ تولہ کڑاہی میں ڈالکر آگ پر رکھیں۔ سٹھا نیلیہ جل جانے پر تیل محفوظ رکھیں۔ مقام درد پر مالش کریں۔ اس کی ہر قسم کے دردوں کے علاوہ سوکھے بازو وغیرہ جہاں خون کا دورہ رک گیا ہو کیلئے مفید ہے۔

باب ہفتم

## زہریلے جانوروں کے کاٹنے کا علاج

تریاق سانپ:۔ مور کے پیٹ میں جو اشرفی کی مانند گول داغ ہوتا ہے چلم میں رکھ کر بطریقہ حقہ کش لگوائیں۔ اگر بیہوش ہو تو دوسرا شخص اس کا کش لگا کر اس کے منہ اور ناک میں دھواں پہنچائے فوراً ہوش آ جاتا ہے اور سانپ کے زہر کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد شگوفہ انار ۱ تولہ مرچ سیاہ ۵ دانہ پانی میں پیس کر پلانے سے باقی ماندہ زہر دور ہو جاتا ہے۔

دیگر:۔ آک کے تخم کھانے سے بھی سانپ کا زہر دور ہو جاتا ہے۔

دیگر:۔ سفید ریٹھہ ڈیڑھ تولہ ایک ایک گھنٹہ بعد پانی میں حل کر کے پلا دیں۔

جب مریض ریشہ کی کڑواہٹ معلوم کرے تو دینا بند کر دیں۔ زخم کو کشادہ کرکے پوٹاشیم پرمیگنیٹ سے دھو ڈالیں اور پھر یہی پھکی زخم پر بھر دیں انشاء اللہ آرام ہوگا۔

**تریاق بچھو:** سیسہ مار ۲ تولہ۔ نوشادر ۲ ماشہ۔ چونہ آب نادیدہ ۳ ماشہ گلیسرین ۲ تولہ باہم ملا کر مرہم بنائیں۔ بوقت ضرورت مقام ماؤف پر لگائیں آرام ہوگا۔

**دیگر:** عرق لیموں اور نمک خوردنی باہم حل کرکے لگائیں۔ یا سرکہ اور نمک ملا کر لگائیں۔ آرام آجائیگا۔

**دیگر:** نوشادر کی ٹکیہ کو پانی کے ساتھ مقام ماؤف پر رگڑتے رہیں۔ دو تین منٹ میں کامل آرام ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

**تریاق سگ دیوانہ:** سنگتی کی مکھی ۲ عدد پکڑ کر اس کے پر اتار دو۔ ان کے برابر آٹا گندم ایک چٹکی ڈال کر ناخن سے ملا دیں اور ایک گولی تیار کریں۔ ایسی تین عدد گولیاں بنا دیں۔ بانس کی ایک نلی لے کر بیمار کے منہ میں رکھ دیں اور اس میں ایک گولی ڈال کر اوپر سے پانی کی دھار گرائیں۔ تاکہ پانی سے سگ گزیدہ کے حلق سے گولی اتر جائے۔ اسی طرح تین گولیاں ایک ایک گھنٹے کے وقفہ میں ختم کر دیں۔ آدھ گھنٹہ بعد اسہال ہوں گے۔ اور سنگتی کی شکل کے کیڑے نکل آئیں بیمار انشاءاللہ تندرست ہو جائیگا۔ پاگل ہونے سے قبل ہر [illegible]



## زہر خوردنی

**تریاق زہر:** مکھن کا بیٹ پانی میں حل کرکے پلائیں۔ فوراً قے ہو کر زہر نکل جاتا ہے۔ اس کے بعد جولائی کی جڑ اگر تازہ ہو تو ایک تولہ اگر خشک ہو تو چھ ماشہ پانی میں پیس کر چھانے کے گھی کے ساتھ کھلائیں ہر قسم کے زہر محروم کے اثر سے بچاتا ہے۔ اور کل صحت ہو جاتی ہے۔

**تریاق افیون:** سنگ جراحت ۲ ماشہ پانی میں حل کرکے پلائیں سے قے ہوتی ہے پر پھٹکڑی ۱ ماشہ پانی میں حل کرکے پلانے سے افیون کا زہر دور ہو جاتا ہے۔

Scanned by CamScanner

# بخار



اکسیر بخار:- پوست بیخ مدار کو سایہ میں خشک کر کے باریک پیس لیں۔ پھر اس میں
نصف وزن سے گیرو کا اضافہ کر لیں۔ ۲ رتی کی مقدار میں مناسب بدرقہ کے ساتھ
چڑھے ہوئے بخار کو اتارنے میں بے مثل ہے۔

دوائے تجاری بخار:- برگ دھتورہ ۳ عدد، پھٹکڑی سفید ۱ تولہ کھرل کر کے
چنے کے برابر گولیاں بنا لیں۔ وقت بخار سے دو گھنٹے قبل ایک گولی کھلائیں۔ اور پھر
بخار کے وقت دو گولیاں دیں۔ انشاء اللہ بے حد مفید ہے۔

تپ لرزہ:- پوست بیخ مدار سایہ میں خشک شدہ ۱ تولہ، مرچ سیاہ ۶ ماشہ کو
گنے کے دودھ میں متواتر ۶ گھنٹے تک کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا لیں
بخار سے ایک گھنٹہ پہلے ایک گولی دیں۔ بخار نہیں چڑھے گا۔

موسمی بخار:- پھٹکڑی حسب ضرورت لیکر ایک آہنی توے پر رکھ کر نیچے اوپر
گودا گھیکوار دیکر بریان کر لیں پیس کر ۱ رتی ہمراہ آب تازہ دیں مفید شے ہے۔

برائے بخار:- افسنتین ۶ ماشہ، نوشادر ۴ رتی۔ دونوں کو پانی میں پیس کر آگ پر رکھیں
جب جوش آ جائے تو اتار کر چھان لیں۔ اور مریض کو پلائیں۔ جب بار بار بخار کا حملہ ہو
یا اور تلی بڑھے ہوئے ہوں تو اس کے استعمال سے فائدہ ہوتا ہے۔

بخار تپ دق شفا:- گندھک آملہ سار جلا ہوا کا مغز کی مانند چھوٹا ہے۔ ایک عدد منقیٰ
قند سیاہ میں لپیٹ کر باری کے دن صبح کو ہمراہ آب کھلائیں۔ انشاء اللہ بلا بخار
سے آرام ہو گا۔ دو تین بار دیں۔

دوائے ملیریا:- پھول سورج مکھی ۱ تولہ، گڑ ۲ تولہ پانی میں پیس کر روزانہ صبح پلا دیں۔
کونین کا بدل ہے۔ بخار سے آرام ہو گا۔

دیگر:- دیسی کونین فریاد اللہ مصری۔ دلالہ کو باہم ملا کر اتنا کھرل کریں کہ وہ
خشک ہو جائے۔ خوراک ۲ رتی چڑھے ہوئے بخار کو اتارتی ہے اور اترے ہوئے کو روکتی ہے

# متفرق نسخہ جات

**حابس الدم:-** تخم گندنہ (بھنگ) آہنی توے پر جلا کر پیس لیں۔ بوقت ضرورت ادرک ہمراہ کمرشن وغیرہ دیں۔ ہر قسم کے جریان خون کے لئے اکسیر صفت ہے۔ ناصیر، کثرت حیض، زخم، قے الدم وغیرہ کو منٹوں میں بند کر دیتا ہے۔

**عمدہ جلاب:-** املی ۱۰ تولے کو پاؤ سیر پانی میں بھگو رکھیں صبح کے وقت پانی چھان کر اس میں گل قند چار تولے ملائیں، اور سناء مکی سائیدہ تین ماشہ چھڑک کر پلائیں۔ گرم مزاجوں اور گرم بیماریوں میں عمدہ دست آور ہے۔

**حابس بول:-** تل ۱۰ تولے اجوائن ۵ تولے کوٹ کر سفوف بنا لیں۔ بچوں کو عمر کے مطابق تین ماشہ سے ۶ ماشہ تک کھلائیں۔ بستر پر پیشاب نکل جانے کو مفید ہے۔

**برائے بخار:-** اجوائن ۱ تولہ کو کورے برتن میں تین چار چھٹانک پانی میں بھگو دیں۔ دن کے وقت اندر اور رات کو باہر شبنم میں رکھیں۔ دوسرے دن سے روزانہ چھان کر پئیں۔ پرانے اور بگڑے بخار جن سے جگر اور تلی بڑھ جاتے ہیں۔ چند یوم میں آرام آ جاتا ہے۔



**برائے جذام و خونی امراض:-** ہرن کھری ۲ تولہ، مرچ سیاہ ۲ عدد دونوں کو آدھ پاؤ پانی میں پیس کر چھان لیں روزانہ پیتے رہیں۔ غذا بیسنی اور گھی کے سوا کچھ نہ کھائیں۔ جذام کے علاوہ دیگر خونی امراض میں بھی مفید ثابت ہوئی ہے۔

**برائے تشنج زہر:-** تخم سرس ۱ تولہ کوٹ پیس کر شہد خالص ۵ تولے میں ملا لیں اور ایک مٹی کے برتن میں ڈال کر سر پوش سے ڈھک دیں۔ اور گوندھے ہوئے آٹے سے اس کا منہ بند کر کے چالیس روز دھوپ میں رکھیں۔ اس کے بعد روزانہ ۱ تولہ کھائیں اور گھٹنوں پر مرہم چھپکلی لگائیں۔ بہت جلد آرام ہوگا۔

**مرہم چھپکلی:-** چھپکلی ۲ عدد کو سرسوں کے تیل پاؤ بھر میں جلا لیں۔ اتار کر بینگ کی راکھ، پرانے جوتے کے تلے کی راکھ دو دو تولے ملا کر خوب گھوٹیں۔ روزانہ خنازیر

کشتہ سفید برآمد ہوگا۔ ۲ رتی ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔ نل کو انحد قوت دیتا ہے۔

**کشتہ شنگرف:** شنگرف ایک تولہ کو ۵ تولہ شیر مدار میں اس قدر کھرل کریں۔ کہ گولا بن جائے اور گولہ پر سوت لپیٹ کر محفوظ الہوا پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ سفید نکلے گا۔ چار چاول تا ۱ رتی ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔ دمہ اور قوت باہ وغیرہ کیلئے مفید ہے۔

**کشتہ ہڑتال گاؤدنتی:** ہڑتال سفید اڑھائی تولہ کو گلو سبز ۵ تولہ برگ نیم ۵ تولہ کے نغدہ میں مٹی کے کورے برتن میں گل حکمت کرکے تین سیر کی آگ دیں۔ بخار معمولی ملیریا، بخار سرسام، دق وسل وغیرہ کے لئے اسے ۲ رتی ہمراہ مناسب بدرقہ دیں۔ مفید ہے۔

**کشتہ سنگ جراحت:** سنگ جراحت ایک تولہ کو گھیکوار ۵ تولہ میں رکھ کر کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے دس سیر کی آگ دیں۔ ۲ رتی ہمراہ شہد ہمراہ دیں بخار کی شدت میں بہترین ہے۔

**کشتہ ابرک سیاہ:** ابرک سیاہ ایک تولہ کو آب برگ حنا ۵ دن میں کھرل کریں تاکہ چمک جاتی رہے اور ٹکیہ بنا کر برگ حنا کے نغدہ میں رکھ کر دس سیر کی آگ دیں ۱ تا ۲ رتی ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔ جریان۔ احتلام۔ سیلان وغیرہ کو مفید ہے۔

**کشتہ مروارید:** مروارید [illegible] کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کرکے ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ ۱ چاول ہمراہ بدرقہ مناسب دیں۔ مقوی اعضاء رئیسہ [illegible] مناسب ہے۔ دل و دماغ کے ضعف کو دور کرتا ہے۔

**کشتہ گؤدنتی:** [illegible] کھرل کرکے رکھیں [illegible] کے لئے مفید ہے۔

**کشتہ چاندی:** [illegible] کے چاول [illegible] کشتہ ہوگا۔ ایک رتی ہمراہ مکھن دیں۔ مقوی اعصاب قلب و دماغ کے ضعف کو دور کرتا ہے۔ جریان کو دور کرکے سرعت کو روکتا ہے۔

## مجربات زبدۃ الحکماء حکیم عبدالجبار صاحب مست دکوہ بالا الہ (۱) :-

(۱) **کیمیائی نمک** :- پرکد۔ بچاٹن۔ کرنجوہ۔ تمباکو کے پتے کنڈا اور کپاس کی لکڑیاں ہموزن لے کر جلالیں۔ ان کی راکھ چار گنا پانی میں تین روز تک بھگوئیں دن میں تین بار ہلا دیا کریں تیسرے دن پانی نتھار کر آگ پر پکائیں۔ حتیٰ کہ تمام پانی جل کر نمک بن جائے ارتی ہمراہ پتاشہ دیں۔ بلغم سینے سے نکال دیتا ہے۔ سانس کی دشواری کو آسان کرتا ہے۔

(۲) **مار گزیدہ** :- ہلدی اگرہ ۱ دو ٹنکیا سہاگہ سفید ۳ چاول پانی میں پیس کر جس جگہ سانپ نے کاٹا ہو لگائیں۔ اور کوئلہ کی آگ سے سینکیں جب سینک سے مریض سوزش زیادہ محسوس کرے اس عمل کو موقوف کر دیں انشاء اللہ آرام ہوگا۔ مجرب ہے۔

(۳) **اکسیر النساء** :- ثعلب مصری ۲ تولہ۔ گوندکیکر ۳ تولہ۔ زنجبیل ۲ تولہ۔ چکنی سپاری ۲ تولہ مازو سبز ۲ تولہ سب کو باریک پیس کر قند سیاہ کہنہ ۱۰ تولہ ملالیں۔ ۶ ماشہ ہمراہ دودھ گاؤ صبح و شام کھائیں۔ سیلان الرحم، پیپ، کثرت حیض، درد کمر وغیرہ شکایتوں کو جلد رفع کرتی ہے۔

(۴) **سفوف دیدان** :- جوائن ۵ تولہ باؤبڑنگ ۵ تولہ سب ہینگ خالص ۲ تولہ ملا کر کھرل کریں۔ روزانہ ۲ ماشہ رات کو سوتے وقت ہمراہ تازہ آب کھلائیں۔ کدو دانے اور دیگر کیڑے خارج ہو جاتے ہیں۔

(۵) **اکسیر ذیابیطس** :- بنولہ (کپاس کا بیج) ۲ تولہ باریک کوٹ کر تین پاؤ تازہ پانی میں بھگو دیں صبح پانی نتھار کر چھان کر پی لیں۔ چند ہی روز کے متواتر استعمال سے مرض جاتا رہے گا۔

## مجربات زبدۃ الحکماء حکیم عبدالرحیم صاحب [illegible]

(۱) مرہم [illegible] :- [illegible] ۳ تولہ [illegible] تولہ میں [illegible] کسی آہنی کڑچھی میں ڈال کر آگ پر رکھیں [illegible] کا رنگ سیاہ [illegible] ہو جائے [illegible] ہمراہ [illegible] ماشہ [illegible] پانی کے ساتھ دیں [illegible] کے علاوہ [illegible] فائدہ [illegible] قولنج [illegible] کے امراض کو فائدہ دیتا ہے۔

(۲) **کالی کھانسی** :- مچھلی کے کانٹے آگ پر جلا کر پیس لیں۔ [illegible] ہمراہ شہد [illegible] چٹائیں۔ انشاء اللہ کالی کھانسی کو بہت جلد فائدہ دیتی ہے۔

(۳) اکسیر اورام:۔ کاسنی سبز، مکو سبز کے پتوں سے پانی تھوڑا تھوڑا نکالیں اور قلعی دار برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب پانی اور سبزی علیحدہ علیحدہ ہو جائے تو سبزی پھینک دیں اور صاف پانی مریض کو پلائیں اور اگر قبض ہو تو شربت دینار ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔ ورم جگر، ورم عضلات شکم، ورم امعاء اور ورم طحال گردہ وغیرہ کو مفید ہے۔ استسقاء زقی جس کے ساتھ حرارت ہو فائدہ دیتا ہے اور یرقان کو بھی مفید ہے۔

(۴) برائے درد:۔ بارہ سنگھا کا سینگ ۱ تولہ لیکر اس پر اجوائن اور شورہ قلمی ہر ایک ۱ تولہ کو پانی میں پیس کر لیپ کریں۔ اور ایک سیر گوبر کے درمیان رکھ کر آگ دیں۔ جب آگ سرد ہو جائے تو نکال لیں جل کر سفید ہو جائیگا۔ ۲ رتی ہمراہ شہد ۲ ماشہ صبح و شام چٹائیں۔ درد پسلی، درد پہلو، نمونیہ وغیرہ کو مفید ہے۔

## مجربات حکیم محمد یوسف فاروقی کامل الطب والجراحت مالک دواخانہ الفاروق

(۱) اکسیر خاص:۔ بچے کی ہنسلی ہلی ہوئی نال کا آنا نہیں ۱ تولہ کو تقریباً اکسیر کے دودھ میں کھرل کر کے گولیاں جنگلی بیر کے برابر تیار کریں۔ صبح کو طلوع آفتاب [illegible] ماشہ کھا کر [illegible] بعد ۱ گولی ہمراہ آب نگل جائیں۔ ایک دو دن [illegible] کے پرہیز سے [illegible] یہاں تک کہ مرض سے صحت ہو جائے۔ آتشک، سوزاک، درد جوڑ، [illegible] ورم [illegible] زخم و گردہ وغیرہ جو سوزاک یا آتشک کے سبب سے بدن میں پیدا ہو گئی ہوں ان کو بہت مفید ہے۔

(۲) اکسیر جگر:۔ [illegible] کو [illegible] کر [illegible] اور [illegible] کوٹ چھان [illegible] کے دودھ میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی یا دو گولی [illegible] پانی کے [illegible] استسقاء [illegible] اور [illegible] کا استعمال مفید ہے۔ [illegible]

[illegible] کو شفا [illegible] شفا [illegible]

[illegible] حکیم [illegible] فاروقی [illegible] صحت [illegible]



# حکیم حاجی علی ضیاء صابری

- فاضل طب والجراحت • رجسٹرڈ نیشنل کونسل فار طب حکومت پاکستان
- فاضل قانون نظریہ مفرد اعضاء • سابقہ فزیشن قریشی ہیلتھ سروس لاہور

0301-6914588




## الحمد دواخانہ

386۔فاطمہ جناح روڈ تلیانوالہ محلہ ساہیوال